1989ء سے مسلسل اشاعت
10 تا 16 دسمبر 2021 | شمارہ نمبر 50 | جلد نمبر 33
MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2015
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

SGS ISO 14064 | PEFC | China Environment Friendly Enterprise | CQC ISO9001 | CQC ISO14001

## Coated Packaging Board

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award – IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award – IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

PAPER THAT WORKS EVERYDAY



ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE
a1ne



WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 27 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن نے فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل کر دیا

## اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کے نام ووٹرز لسٹ سے نکالنے کا حکم دیدیا، یہ درخواست نجم الرحمن اور دیگر سات افراد کی جانب سے دائر کی گئی تھیں

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے فیڈریشن کے انتخابات میں مینیجنگ کمیٹی 2022 کے لیے محمد اسلم جیلانی اور جنرل باڈی کے لیے باؤ محمد بشیر کی نامزدگی کے خلاف اعتراضات سیکریٹری جنرل ایف پی سی سی آئی نے مسترد کر دیئے۔ سیکریٹری جنرل نے اعتراض مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ مذکورہ بالا تمام نمائندوں کے کاغذات درست پائے گئے ہیں لہٰذا اعتراض مسترد کیا جاتا ہے۔ دوسرا اعتراض لاہور سے نجم الرحمن، شیخ محمد فاروق (حدیبیہ پیپر مارٹ) محمد حسن (حسنین پیپرز) عاصم اقبال (ڈائریکٹر ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی) فائق علی اقبال (ڈان پیپر مارٹ)، بلال زاہد (زیڈ اے کارپوریشن) اور محمود احمد پائی (ایم ایم ٹریڈرز) نے مشترکہ طور پر رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ کی معرفت دائر کئے تھے جو سیکریٹری جنرل نے یہ کہہ کر مسترد کر دیئے کہ اعتراض کنندہ کسی بھی ٹریڈ باڈی کی طرف سے فیڈریشن سے نامزد نہیں ہیں لہٰذا ان کے اعتراض پر غور نہیں ہوسکتا ہے۔ بعد ازاں فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کے اراکین ہارون فاروقی، شاہد وسیم اور ارشد خورشید نے متفقہ طور پر سیکریٹری جنرل کے فیصلے کے خلاف اپیلیں مسترد کر دی تھیں اور سیکریٹری جنرل کا فیصلہ برقرار رکھا۔ اپنے فیصلوں میں کمیشن نے تحریر کیا تھا کہ فریقین کی جانب سے فراہم کردہ دستاویزات اور گرما گرم بحث کے بعد کمیشن اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن بدستور موجود ہے اور اس سلسلے میں فریقین نے لاہور ہائی کورٹ کے 30 اپریل 2021 کے فیصلے کو تسلیم کیا ہے جس میں ڈی جی ٹی او کے حکم نمبر 6/2021 مورخہ 15 اپریل 2021 کو معطل کر دیا گیا ہے اس طرح ایسوسی ایشن کی حیثیت برقرار ہے۔ کمیشن اور سیکریٹری جنرل کے ان فیصلوں کے خلاف اپیلیں ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کے پاس دائر کی گئی تھیں جس کی سماعت 29 نومبر کو ہوئی جس میں ڈی جی ٹی او نے اپیل منظور کرتے ہوئے فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل کر دیا اور سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی کہ محمد اسلم جیلانی اور باؤ محمد بشیر کا نام فیڈریشن کی ووٹر لسٹ سے نکال دیں۔ اپنے فیصلے میں ڈی جی ٹی او نے کہا کہ گزشتہ تین سالوں سے انتخابات نہ ہونے کے باعث اپیما عضو معطل ہے اور اس کی ایگزیکٹو کمیٹی وجود نہیں رکھتی نہ ہی جنرل باڈی اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ نامزدگی قانون کے مطابق نہیں ہے اور اپیما کی اس نامزدگی برائے 2022 ایف پی سی سی آئی انتخابات قابل قبول نہیں ہے۔ نجم الرحمن اور دیگر کی جانب سے رضوان شبیر کیانی پیش ہوئے۔ بیرسٹر سعد صہیب اور علی نواز کھرل ایڈووکیٹ اپیما کی جانب سے پیش ہوئے، فیڈریشن کی جانب سے امجد قریشی (چیف کوآرڈینیٹر) مہرین رزاق کوآرڈینیٹر، اراکین الیکشن کمیشن ہارون فاروقی، ارشد خورشید اور شاہد وسیم پیش ہوئے۔ ڈی جی ٹی او ریاض احمد نے 3 دسمبر 2021 کو اپنا حکم نمبر 105/2021 جاری کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈی جی ٹی او کے اس فیصلے کے خلاف متاثرہ فریقین عدالت سے رجوع کر رہے ہیں۔ اس سے قبل بھی ڈی جی ٹی او کے فیصلے کے خلاف عدالت نے حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے نامزدگی کو برقرار رکھا تھا اور ایک سال گزرنے کے باوجود اب تک اس کا فیصلہ نہیں ہوا تھا۔

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**COLLECTORATE OF CUSTOMS APPRAISEMENT-EAST**
**CUSTOM HOUSE KARACHI**

FBR PAKISTAN

C.No. SI/MISC/483/DC-III/2020-East — Dated: 27.11.2021

**PUBLIC NOTICE NO. 01/2021**

**CLASSIFICATION OF TWO-SIDE COATED PAPER**

A dispute arose between certain importers and the Collectorate regarding correct classification of two side (2/S) coated paper (gloss) in sheets. The importers declared the PCT of the said item as 4810.1910 which is specific to writing paper and attracts CD @ of 16% after concession under Pak-China FTA. The Collectorate, on the other hand, classified the same under PCT heading 4810.1990, owing to its uses other than writing, which attracts CD @ 20%. As a result of the said disagreement, the importers filed petition in the Honorable Sindh High Court who was pleased to passed an order dated: 07.12.2020, for provisional assessment in the said cases. Thereafter, the Collectorate is assessing the subject item provisionally under the PCT heading 4810.1910.

2. Meanwhile, the Standing Committee of Senate on Finance and Revenue also took up the said issue and Federal Board of Revenue, upon their recommendation, constituted a Classification Committee. The Classification Committee vide its decision dated 26.03.2021 determined that the under reference paper, having multiple uses, is appropriately classifiable under PCT heading 4810.1990 (---other), on the basis of para 3(c) of the General Rules for Interpretation (GRI), instead of PCT heading 4810.1910 (---writing paper) as claimed by the importer. Federal Board of Revenue circulated the said decision, vide letter C. No. 3(14)Tar-I/2014 Pt-I dated 30.03.2021, to all the Chief Collectors of Customs throughout Pakistan for uniform application.

3. The Classification Committee's above referred decision was challenged in the Honorable Sindh High Court in the case of M/s. Bilal Traders and others through C.P. No. D-5578 of 2021. While deciding the said petition, the Honorable High Court of Sindh vide orders dated 16.09.2021 has stated that the question of classification is within the domain of the Classification Committee and does not involve interpretation of any PCT heading. The High Court has further observed as under:

*"For the classification purpose the Federal Board of Revenue via Classification Committee is the final authority."*

4. Accordingly, in the light of Classification Committee's above referred decision dated 26.03.2021, circulated vide Board's letter No. 3(14)Tar-I/2014 Pt-I dated 30.03.2021, the item i.e. two-side coated paper, is correctly classifiable under PCT heading 4810.1990.

O/S Please Circulate

(Muhammad Daud Pirzado)
Additional Collector

NAUSHERWAN HAIDER
Joint Secretary
Karachi Customs Agents Association

Copy to: -
1. All Chief Collectors (South, Central, North, KPK, Balochistan).
2. Federation of Pakistan Chamber of Commerce & Industry, Karachi.
3. Karachi Chamber of Commerce & Industry, Karachi.
4. Karachi Customs Clearing Agents Association.

کوٹڈ رائٹنگ پیپر اب 4810.1990 میں کلیر ہوگا اس سلسلے میں ایف بی آر نے ایک پبلک نوٹس نمبر 01/2021 مورخہ 27 نومبر 2021 جاری کیا ہے جس کا عکس دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کلاشیفکیشن کمیٹی نے 26 مارچ 2021 کو انہیں رپورٹ جمع کرائی تھی جبکہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے سنگل اور بعد ازاں ڈبل بنچ نے اس سلسلے میں کسٹم کے موقف کو مسترد کرتے ہوئے ایم یونس اینڈ سنز اور سلمان پیپر پروڈکٹس کی اپیلیں قبول کر لی تھیں۔ اس کے باوجود ایف بی آر نے یہ پبلک نوٹس جاری کیا ہے





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکنالوجی کے اس دور میں کتاب کھونے کا خدشہ ہے، سید سردار علی شاہ

## مقامی غیر معیاری کاغذ کے باعث کتابوں کی چھپائی ناقص ہوتی ہے، عزیز خالد

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ کے اسکولوں اور کالجوں میں موسم سرما کی تعطیلات سے متعلق فیصلہ جمعرات کو ہوجائے گا یہ بات صوبائی وزیر تعلیم سردار علی شاہ نے پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت پیر 6 دسمبر 2021 کو مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر تعلیم سندھ کا کہنا تھا کہ ملک سنگل نیشنل کریکولم کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ تعطیلات کے فیصلے کے حوالے سے کورونا کی نئی لہر کو بھی سامنے رکھا جائے گا یہ فیصلہ اسٹیئرنگ کمیٹی کے بجائے ورکنگ کمیٹی کرے گی۔ ٹیکنالوجی کے طوفان میں ہم نے بہت کچھ کھویا کہیں کتاب بھی نہ کھودیں۔ ہم نے اتنے علمی ادبی ادارے بنائے مگر وہ اپنا کام نہیں کرتے جو کام انجمن ترقی اردو اور





سندھی ادبی بورڈ بورڈ کو کرنا چاہیے وہ وزارت کو کرنا پڑ رہا ہے ہمارا کام کتابیں چھاپنا نہیں ہے اس موقع پر پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن اور پاپگائی کے چیئرمین عزیز خالد نے وزیر تعلیم کی توجہ پاکستانی ملز میں بننے والے چھپائی کے کاغذ کی جانب مبذول کرائی اور کہا کہ پبلشرز کو بیرون ممالک سے پرنٹنگ کے لیے معیاری کاغذ کی درآمد کی اجازت نہیں ہے نتیجے کے طور پر ہم پاکستان میں جو تدریسی و غیر تدریسی کتابیں چھاپتے ہیں غیر معیاری لوکل ملز کے کاغذ کے سبب ان کتابوں کی چھپائی بھی انتہائی ناقص ہوتی ہے۔

# نام نہاد انصاف بزنس پینل اپیما کو تباہ کرنے کے درپے ہے، جو ناقابل برداشت ہے، باؤ بشیر

## ڈی جی ٹی او کے سابق ملازم کے ذریعے حاصل کئے گئے احکامات کی کوئی حیثیت نہیں، فیڈریشن انتخابات میں حصہ لیں گے، بیان



اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) سابق سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن باؤ محمد بشیر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ چند لالچی، بھوکے ننگے امپورٹرز وانڈنٹرز نے اپیما کی پیٹھ میں ایک بار پھر چھرا گھونپا ہے اور گندی سیاست کر کے اپیما کو شدید نقصان پہنچایا ہے جو ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان افراد نے احمقانہ طور پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں اپیما کی نامزدگی کے خلاف درخواستیں دائر کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عقل سے خالی ان افراد نے اپنی حدود کو پار کر لیا ہے اور بغیر کسی جواز کے اپیما اور اس کے ممبران کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدنام زمانہ افراد مرحوم شہزاد اقبال کا نام لے کر اسے اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں کیونکہ ہر شخص جانتا ہے کہ مرحوم شہزاد اقبال کا اختلاف معمولی تجارتی امور میں تھا نہ کہ وہ ایسوسی ایشن کے خلاف تھے۔ باؤ بشیر نے کہا کہ ماضی میں بھی ان احمقوں کو بری طرح شکست ہو چکی ہے اور آئندہ بھی انہیں پیپر ٹریڈ میں کوئی عزت نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ انصاف بزنس پینل 3 سے 4 افراد کا ایک ٹولہ رہ گیا ہے اور وہ اپیما کو تباہ کرنے کے لیے پیسہ خرچ کر رہے ہیں جس کے لیے انہوں نے ڈی جی ٹی او کے ایک سابق ملازم کو اپنا قانونی مشیر بنا لیا ہے جو اپنا ناجائز اثر ورسوخ اور تعلقات کے ذریعے ڈی جی ٹی او سے غیر قانونی احکامات حاصل کر رہا ہے۔ باؤ بشیر نے کہا کہ اپیما کے نمائندوں کی فیڈریشن میں نامزدگی پیپر ٹریڈ کے اجتماعی مفاد کے لیے تھی نا کہ کوئی ذاتی مفاد کے لیے اور اپیما کی ایگزیکٹو کمیٹی نے مجھے اور اسلم جیلانی کو درست طور پر نامزد کیا تھا اس سلسلے میں ایک سرکلر کے ذریعے تمام اراکین کی آراء کے نتیجے میں نامزد کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ نام نہاد لیڈر سمجھتے ہیں کہ وہ فیڈریشن کے لیے اہل ہیں تو انہیں آگے آنا چاہئے تھا لیکن انہوں نے تباہی کا راستہ چنا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی ٹی او کو نامزدگی کے خلاف درخواست دینے والے سات افراد میں سے گنتی کریں کہ کتنے اپیما کے ممبر ہیں۔ باؤ محمد بشیر نے ایک بار پھر ان عقل سے خالی افراد پر زور دیا کہ وہ اپیما انتخابات میں کھل کر مقابلہ کریں اور اپنا قبلہ درست رکھتے ہوئے افراد سے مقابلہ کریں نا کہ ایسوسی ایشن کو نشانہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر انتخابات لڑنے کا اتنا شوق ہے تو فوری طور پر عدالت سے مقدمات واپس لیں اور اپیما پر جاہلانہ طریقوں سے حملے نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہزاد اقبال مرحوم اب اس دنیا میں نہیں ہیں اور آپ کی ان احمقانہ اور بچکانہ حرکتوں سے ان کی روح کو شدید تکلیف پہنچی ہوگی۔ انہوں نے درخواست کی کہ وہ مرحوم شہزاد اقبال کا نام اپنے مذموم اور مجرمانہ عزائم کے لیے استعمال نہ کریں کیونکہ ڈی جی ٹی او کے اس غیر قانونی حکم سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ اس میں "ہتھیلی کی چمک" دکھائی گئی ہے جو کہ کسی بھی اعلیٰ عدالت کے ذریعے کالعدم قرار پائے گا اور ہم انشااللہ 2022ء کے انتخابات میں فیڈریشن کے امیدواروں کے ساتھ موجود ہوں گے۔ باؤ بشیر نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ اپنے گریبانوں میں جھانکیں اور سامنے آ کر اپنی حیثیت کا اندازہ کریں، اگر ہمت ہے تو عدالت سے مقدمات واپس لے کر انتخابات میں مقابلہ کریں اور دیکھیں کہ آپ نے اپنے چہروں پر کتنی کالک مل لی ہے اور آپ کو پیپر مارکیٹ میں کوئی پذیرائی نہیں ملے گی؟



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# INTERNATIONAL CONSUMER PRODUCTS FAIR
## AT PEARL CONTINENTAL HOTEL, KARACHI
### FROM 11 TO 13 DECEMBER

IBM™ INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

APP

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

pindo deli
paper products

TJIWI KIMIA, TBK
PT.Pabrik Kertas

## Brands:

- OFFSET PRINTING PAPER (IK 035)
- PHOTOCOPIER PAPER (BLC, PPC, IK COPY LOGO)
- COLOR WOODFREE PAPER
- COLOR PHOTOCOPIER PAPER
- BLEACH BOARD (SINAR FOLD , PINDO GOLDEN COIN)
- ART BOARD (GOLDEN COIN, SAVVI BRITE)
- CARBONLESS PAPER (IMPRESSION 2000 , GREEN STAR)
- STICKER PAPER (AQNA , VERITEC)
- TISSUE PAPER
- KRAFT PAPER

GOLDEN COIN · Impressions PINDO 2000 · PAPERLINE · BLC · AQNA Brands · GREEN STAR · ARCADIA 2000 · IK · Lucky Boss · VERITAC · SAVVI BRITE · SINAR FOLD · ANCHOR BRAND · paperplus · e.paper





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اب پاکستان میں اعلیٰ معیار کی

پیپر و پیپر بورڈ کی ریل کٹنگ و پیکنگ

کا آغاز ہو گیا ہے

ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بمسرّت مطلع کرتے ہیں
کہ کراچی میں، مین ماڑی پور روڈ پر پیپر و پیپر بورڈ کے درآمد کنندگان کے لئے
دنیا کی انتہائی جدید اور اعلیٰ ٹیکنالوجی کی حامل مشینری کے ذریعے
پیپر و پیپر بورڈ کی شیٹنگ، ریوائنڈنگ، سلٹنگ اور آرے کا کام
بالکل درست سائز میں بین الاقوامی معیار کے مطابق آغاز ہو گیا۔



مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں۔

محمد نعمان
0333-9275542

حمزہ حبیب
0333-3709757



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آئی بی ایم اپنے گاھکوں کومکمل خدمات کی فراھمی جاری رکھے گی، محمد سلیم بیکیا















انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا کی جانب سے آئی بی ایم کے ہم خیال امپورٹرز کے اعزاز میں ایک ظہرانہ ہفتہ 27 نومبر 2021 کو اپنے دفتر میں دیا۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں محمد سلیم بیکیا شرکاء کو آئی بی ایم کی جانب سے امپورٹرز کو مکمل خدمات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کررہے ہیں۔ اپنے خطاب وہ میں انہوں نے بین الاقوامی قیمتوں کی آئندہ کی صورتحال اور شپنگ سے متعلق پیدا شدہ مسائل کے حل کے لئے کی جانے والی کوششوں سے بھی شرکاء کو آگاہ کررہے ہیں۔ اس موقع پر غلام علی، اظہر حسین، اقبال احمد، عابد نثار، سید لیاقت علی محمود حسین، سید شاہنواز علی اور دیگر بڑی تعداد میں موجود ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan

Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اسٹیکر پیپر اور مقامی آفسیٹ کی قیمتوں میں اضافہ، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور جاپانی آرٹ کارڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی کا رجحان دیکھا گیا اور 8 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار، اسٹیکر پیپر ویریٹیک، گولڈن ٹیک، پاور ٹیک، نیکسز پرو اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ آرٹ کارڈ جاپان اور مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز 250 اور 300 گرام، 318 روپے سے کم ہوکر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجیسنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 163 روپے سے کم ہوکر 162 روپے، تمام سائز 290 گرام، 161 روپے سے کم ہو کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 114 روپے، تمام سائز 53 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 122 روپے، تمام سائز 60 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 122 روپے، تمام سائز 63 گرام، 124 روپے سے بڑھ کر 126 روپے، تمام سائز 68 گرام، 120 روپے سے بڑھ کر 122 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 620 روپے سے بڑھ کر 625 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 625 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3650 روپے سے بڑھ کر 3700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2750 روپے سے بڑھ کر 2775 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2650 روپے سے بڑھ کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2775 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2775 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## کارپوریٹ سیکٹر کے لئے ڈیجیٹل ادائیگیوں میں 31 دسمبر تک توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کارپوریٹ سیکٹر کے لئے ڈیجیٹل ادائیگیوں میں 31 دسمبر تک کی توسیع کردی ہے۔

### ☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229

# منی لانڈرنگ کے قانون کے تحت ایف بی آر سزا دلوانے میں کامیاب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت مقدمہ جیت لیا اور ٹیکس چوری پر مبنی منی لانڈرنگ پر ملزم کو سزا ہوئی، ایف بی آر کے مطابق ڈائریکٹوریٹ جنرل آئی اینڈ آئی آر کو مالک رائے ٹریڈنگ کمپنی باجوڑ خیبر پختونخوا حبیب اللہ سے متعلق مالیاتی معلومات کا علم ہوا جس سے پتہ چلا کہ ملزم کے کیش اور بینک ٹرانزیکشن اسکی کاروباری پروفائل سے مطابقت نہیں رکھتے، ڈائریکٹوریٹ نے ٹیکس قوانین کے تحت ابتدائی تحقیقات کیں جس کے دوران ملزم کے چھ مزید بینک اکاؤنٹس کا پتہ چلا جس کے ذریعے بڑی ٹرانزیکشنز کی گئیں تھی، ملزم کے تمام بینک اکاؤنٹس کی کل رقم 2090 ملین روپے تھی جبکہ اس نے 2015 میں صرف ایک لاکھ 92 ہزار 877 روپے ٹیکس ادا کیا تھا، ملزم نے آمدن اور بینک اکاؤنٹس کو چھپایا اور ٹیکس اتھارٹیز کو غلط معلومات فراہم کیں، تفصیلی جانچ پڑتال کے بعد منی لانڈرنگ کا علم ہوا جس کے بعد اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت کاروائی کا آغاز کردیا گیا، کورٹ کی اجازت کے بعد بینک اکاؤنٹس کو اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کی شق 8 کے تحت ضبط کرلیا گیا، ایکٹ کی شق 9 کے تحت تفتیش مکمل ہونے پر فائنل چالان پیش کیا گیا اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 203 کے تحت منی لانڈرنگ اور ٹیکس چوری کا مقدمہ درج کردیا گیا۔

## سابق وائس چیئرمین اپیما شیخ اختر سعید انتقال کرگئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق وائس چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون شیخ اختر سعید (میسرز السعیدیہ) لاہور، 3 دسمبر 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ وہ 98-1997 میں وائس چیئرمین ناردرن زون کے عہدے پر فائز رہے۔ جبکہ 95-1994 میں ناردرن زون ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن بھی رہے۔ دریں اثناء لیڈر آف بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، سمیع اللہ بٹ و دیگر نے مرحوم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: ADMIN/STA/21/54
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ چیف منیجر، نیشنل بینک بلڈنگ، چھٹی منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔
فون: 021-32412056-9Ext:217

## پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PBTE/Store/2021-22
فوٹو اسٹیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
پرنٹنگ آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، 21-A، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99260277

## پاکستان ریلویز کا پیپر کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر پارٹ I، پارٹ II
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: ٹریفک اسٹور، ڈویژنل آفس، پشاور۔

## پرنٹرز اور پبلشرز کی پری کوالیفکیشن

ٹینڈر حوالہ نمبر: 835/HPL-A(7)
مختلف کتابوں کی پرنٹنگ اور پبلشنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: بریلی کمپلیکس بلڈنگ، نزد ٹی وی اسٹیشن، کراچی۔
فون: 021-99231762-99231089

برائے رابطہ: ریجنل آفس، 45-C، سوک سینٹر، نزد ٹیلی فون ایکسچینج مصطفی ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99260012

برائے رابطہ: پلاٹ نمبر 37-36، سیکٹر B-2، فیز-5، حیات آباد، پشاور۔
فون: 091-9217273

برائے رابطہ: ہیڈ آفس، 6-ماؤ ایریا، G-8/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9261036-9261038

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

سال 2022 کے کیلنڈرز کی پرنٹنگ اور سپلائی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ 7 سینٹرل اسٹریٹ، فیز 2، ڈی ایچ اے۔ کراچی۔
فون: 021-99266400-10EXT:237-330

## کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: آفس، 492، R-II، جوہر ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99332189-90

## ٹریفک ڈویژن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 03
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ،
آئی ٹی پی ہیڈکوارٹرز، سیکٹر F-8، اسلام آباد۔
فون: 051-9261992-93

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: UPC(S.R)/014/21-22
سائنٹیفک میگزین کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ انوینٹری منیجمنٹ، لاہور۔
فون: 042-99213578

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، لاہور۔ ملتان کمپلیکس۔
فون: 061-9210186

## نیشنل کالج آف آرٹس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس سیکشن، 4- شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

## سوئی ناردرن گیس کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LHR/TE/042/21
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2021ء
برائے رابطہ: ریجنل آفس، 21- انڈسٹریل ایریا، گرومنگٹ روڈ، گلبرگ-3، لاہور۔
فون: 042-99268251

# سنگل پیج ریٹرن کے حوالے سے تذبذب کی صورتحال ہے، ٹیکس ایڈوائزرز

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ سنگل پیج ریٹرن کے حوالے سے بہت سی پیچیدگیاں ہیں جنہیں دور کرنے کیلئے وسیع پیمانے پر آگاہی دینے کی ضرورت ہے، جب پالیسی اور قانون سازی میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کو شامل نہیں کیا جاتا تو اسی طرز کی پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں جس سے ٹیکس دہندگان متنفر ہوتے ہیں، ایف بی آر اور صوبوں کی اتھارٹیز کے مراحل ایک دوسرے سے قطعاً مختلف ہیں ایسے میں سنگل پیج ریٹرن فائل کرنے اور ٹیکسز کی ادائیگی کے حوالے سے مشکلات درپیش آئیں گی۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے اپنی معیشت کو ترقی دینی ہے تو اس کیلئے ضروری ہے کہ بزنس کو بڑھایا جائے اور سقم سے پاک اچھی قانون سازی بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے جمع کئے ہوئے ٹیکسز سے ملک کے معاملات چلنے ہیں لیکن اس ادارے کی استعداد انتہائی محدود ہے جس سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ایف بی آر کا نظام انتہائی جدید اور اپ ٹو ڈیٹ ہونا چاہیے تاکہ سب کچھ ٹیکس کنسلٹنس اور ٹیکس دہندگان کے ایک کلک پر موجود ہے اور اس سے عوام خود بخود ٹیکس نیٹ میں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سنگل پیج ریٹرن کے حوالے سے ابھی تک تذبذب کی صورتحال ہے اس کیلئے ضروری ہے کہ ٹیکس کنسلٹنس اور ٹیکس دہندگان کے تحفظات کو دور کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ آگاہی دینے کیلئے سیمینارز اور ورکشاپس کا اہتمام کیا جائے۔

# ماہ نومبر میں تجارتی خسارے میں 134 فیصد کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (بزنس ڈیسک) نومبر میں درآمدات اور برآمدات کے درمیان فرق تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، ادارہ شماریات کے مطابق ایک ماہ کے دوران تجارتی خسارے میں 134 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی سے نومبر 2021 کے دوران ملکی درآمدات 69 فیصد اضافے سے 32 ارب 93 کروڑ ڈالر جبکہ برآمدات 27 فیصد اضافے سے 12 ارب 34 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئیں، اسی طرح رواں مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں تجارتی خسارہ 111 فیصد اضافے سے 20 ارب 59 کروڑ ڈالر کی سطح پر پہنچ گیا۔ دوسری جانب نومبر 2021 میں ملکی برآمدات 33 فیصد اضافے سے 2 ارب 88 کروڑ ڈالر اور درآمدات 83 فیصد اضافے سے 7 ارب 84 کروڑ ڈالر جبکہ تجارتی خسارہ 134 فیصد اضافے سے 4 ارب 96 کروڑ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق معاشی سرگرمیوں میں اضافے اور عالمی منڈی میں اجناس کی قیمتیں بڑھنے کے سبب درآمدات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جائیداد کے نئے ریٹس کا اجرا موخر

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے جائیداد کے نئے ریٹس کو 16 جنوری 2022 تک موخر کر دیا ہے اور یکم دسمبر 2021 کو جاری نوٹیفکیشنز کو معطل کر دیا گیا ہے، ایف بی آر کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق جائیداد کی ریٹس پر نظر ثانی کے فیصلے کے پیش نظر تمام چیف کمشنران لینڈ ریونیو کو ہدایت کی گئی ہے کہ 10 دسمبر تک ویلیوایشن ریویو کمیٹیوں کو تشکیل دیں اور تمام سٹیک ہولڈرز جن کو جائیداد کے نئے تعین کردہ ریٹس پر اعتراضات ہیں وہ 15 دسمبر تک اپنے ریٹس ریویو کمیٹیوں میں جمع کرا سکتے ہیں، چیف کمشنرز تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تفصیلی مشاورت کریں گے اور اسٹیٹ بنک کے نامزد ویلیوایشن ماہرین جائیداد کی مالیت کا تعین کریں گے، جو یکم دسمبر 2021 یا زیادہ ہوسکتا ہے کو جاری نوٹیفکیشن کے ریٹس سے کم یا زیادہ ہو سکتے ہیں، ویلیوایشن ریویو کمیٹیاں 10 جنوری تک ان ریٹس کا فیصلہ کریں اور ان کو ایف بی آر ہیڈکوارٹر کو ارسال کر دیا جائیگا۔ ویلیوایشن ریویو کمیٹیوں کی جانب سے بھیجے گئے نظر ثانی شدہ جائیداد کے ریٹس کو 15 جنوری کو نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائیگا جس کا 16 جنوری 2022 سے اطلاق ہوگا، اس دوران یکم دسمبر 2021 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن 1534 سے 1572 معطل رہیں گے تاکہ غیر منقولہ جائیداد کے جاری لین دین کی رجسٹریشن کا عمل جاری رہے۔ قبل ازیں یکم دسمبر کو ایف بی آر نے 40 شہروں میں غیر منقولہ جائیدادوں کے ریٹس بڑھا دیے ہیں۔ کراچی میں ہر اضافی اسٹوری پر 25 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ایف بی آر نے ملک بھر میں 40 اہم شہروں میں غیر منقولہ جائیدادوں کی قیمتوں کی شرح میں اضافہ کر دیا ہے۔ ان میں کمرشل، رہائشی، اپارٹمنٹس، فلیٹس اور دیگر ایریاز شامل ہیں۔ اس سے قبل ایف بی آر نے 20 منتخب شہروں کی غیر منقولہ جائیدادوں کی قیمتیں مقرر کر رکھی تھیں تاہم اب اس تعداد کو بڑھا کر 40 کر دیا گیا ہے، جب کہ شہروں کے ایریاز کی تعداد میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمتوں کی شرح میں اضافے کا مقصد پراپرٹی شعبے سے مزید ٹیکسز وصول کرنا ہیں۔ ایف بی آر نے جن شہروں کے قیمتوں کے ٹیبل جاری کیے ہیں ان میں ایبٹ آباد، اٹک، بہاولپور، بہاول نگر، چکوال، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گھوٹکی، گوجرانوالہ، گجرات، گوادر، حافظ آباد، حیدر آباد، اسلام آباد، جھنگ، جہلم، کراچی، قصور، خوشاب، لاہور، لاڑکانہ، لسبیلہ، منڈی بہاؤالدین، مانسہرہ، مردان، میر پور خاص، ملتان، ننکانہ، نارووال، پشاور، کوئٹہ، رحیم یار خان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، شیخوپورہ، سیالکوٹ، سکھر اور ٹوبہ ٹیک سنگھ شامل ہیں۔ کراچی میں سنگل اسٹوری سے زائد کی عمارت کی قیمت 25 فیصد فی اضافی اسٹوری بڑھ گئی ہے۔ مثلاً گراؤنڈ فلور کے سوا ہر اسٹوری کی قیمت گراؤنڈ فلور کی قیمت کے 25 فیصد لگائی جائے گی، اگر کوئی جائیداد درج ذیل کیٹیگریز میں سے کسی میں شامل نہیں ہوگی تو وہ سب سے نچلی کیٹیگری میں شمار ہوگی۔ اگر کسی زمین کی ایک سے زائد مقاصد کے لیے اجازت دی گئی ہو مثلاً رہائشی، کمرشل اور صنعتی تو اس کی قیمت مقررہ قیمت کی اوسط قیمت ہوگی۔ فلیٹ سے مراد احاطہ شدہ ایسی رہائشی جگہ ہے جہاں پراپرٹی کے علیحدہ یونٹ نمبر/ ذیلی پراپرٹی یونٹ نمبر ہو۔ رہائشی جگہ پر اگر کثیر اسٹوری عمارت ہو تو اضافی اسٹوری بھی عائد کی جائے گی بشرط یہ کہ وہ ایک بیڈ روم اور باتھ روم پر مشتمل ہو۔ کیٹیگریز 1، 2، 3 اور 4 کی تعمیر شدہ کمرشل جائیداد کی بیسمنٹ کی قیمتیں 13500 روپے فی مربع گز رکھے گئے ہیں۔ راولپنڈی میں ایف بی آر نے غیر منقولہ جائیدادوں کی قیمتیں آف روڈ، آن روڈ اور بڑھتی قیمتوں کی بنیاد پر مقرر کی ہے اور کچھ جگہوں پر ان میں 200 سے 400 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ ڈی ایچ اے کے فیزیز میں قیمتوں میں کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ رئیل اسٹیٹ ایجنٹس ایسوسی ایشن (ریکا) کے رہنما احسن ملک نے اس نمائندے کو بتایا ہے کہ ایف بی آر نے اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیے بغیر قیمتیں مقرر کی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قیمتوں کے ٹیبلز میں 200 سے 400 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور کسی طور بھی اسے قبول نہیں کریں گے۔ دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پراپرٹی کی ویلیوایشن کے حوالہ سے شکایات کے ازالہ کیلئے سٹیٹ بینک کے چوٹی کے ویلیوایشن ماہرین سے مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان ایف بی آر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایف بی آر کی طرف سے حالیہ پراپرٹی ویلیوایشن نہایت غور وخوض اور فیلڈ فارمیشن کی مشاورت کے بعد مقرر کی گئی۔ پراپرٹی کی ویلیو میں اضافہ دنیا میں رائج بہترین طریقہ کار کو اپناتے ہوئے مارکیٹ قیمت کے قریب تر کیا گیا ہے۔ تاہم ایف بی آر کو مختلف حلقوں سے شکایات موصول ہوئی ہیں جس میں ایف بی آر کی پراپرٹی ویلیوایشن کو مارکیٹ قیمت سے زائد کہا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اس سلسلے میں شکایت کو رفع کرنے کے لیے ایف بی آر نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ٹاپ ویلیوایشن ماہرین سے مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے جو تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور ٹاؤن ڈیولپرز سے مشاورت کریں گے اور انفرادی طور پر کیسز کی جانچ پڑتال کے بعد اپنی سفارشات پیش کریں گے تاکہ کسی بھی قسم کی غلطی دور کرسکیں اور پراپرٹی کی ویلیو کو مارکیٹ قیمت کے قریب تر کرسکیں۔

# منی بجٹ تیار، عام آدمی پر اثرات نہیں ہونگے، حکومت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) ڈاکٹر اشفاق احمد کا کہنا ہے کہ منی بجٹ تیار ہو چکا ہے، حکومت جب کہے گی پیش کر دیں گے جبکہ وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب اور ترجمان وزارت خزانہ مزمل اسلم نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر دو ہفتوں میں درآمدی اشیاء میں کمی کے اثرات جنوری اور فروری میں نظر آئیں گے، پٹرولیم مصنوعات کی عالمی قیمتوں میں گزشتہ جمعہ سے کمی کا رجحان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے مہنگائی بتدریج کم ہوگی، منی بجٹ کے اثرات عام آدمی پر نہیں ہوں گے۔


AAS A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایف بی آر افسران کی گریڈ 20 سے گریڈ 21 میں ترقی

کراچی (نیوز ڈیسک) حکومت پاکستان (کیبنٹ سیکر یٹریٹ) نے محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے گریڈ 20 کے 07افسران کی گریڈ 21 میں ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ترقی پانے والے افسران میں محمد اصغر خان، محمد صادق، عبدالقادر میمن، آصف سعید خان، محمد علی رضا، محمد عمران خان مہمند اور ڈاکٹر محمد سعید خان جدون شامل ہیں جبکہ گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ترقی پانے والے 13 کسٹمز افسران میں محمد اکرم چوہدری، محمد سعید وٹو، مس سائرہ آغا اور مس عائشہ نیاز، محمد عرفان واحد، محمد اشفاق، مس زیب گل شبیر، مس نیلوفر شہزاد، ندیم احسن، ضیاءاللہ شمس، آغا سعید احمد، ندیم الٰہی اور مس بیلام رمضان شامل ہیں۔ ان لینڈ ریونیو سے تعلق رکھنے والے گریڈ 20 سے گریڈ 21 میں تعلق رکھنے والے افسران میں حیدر علی دھریجو، مس سعدیہ صدف جیلانی، ساجد نذیر ملک، ڈاکٹر محمد سرمد رضا زیدی، قاسم رضا خان، سلیم طارق، محمد طاہر اور محمد فاروق اعظم میمن جبکہ گریڈ 19 تا گریڈ 20 میں ترقی پانے والے ان لینڈ ریونیو کے افسران میں ندیم بشیر، نعیم بابر، عبدالشکور شیخ، محمد اسد طاہر، آصف رشید، نعمان ملک، سعد مناف، محمد شمیم، عمران حی خان، شوکت حیات، شاہد سومرو اور مس شاہدہ کوثر شامل ہیں۔

## صوبوں کی جانب سے اسٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں وصولیوں میں پہلی سہ ماہی میں کمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صوبوں کی جانب سے سٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں وصولیوں میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اس حوالے سے جاری اعدادوشمار کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) میں صوبوں کی جانب سے سٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں 14 ارب، 63 کروڑ، 40 لاکھ روپے وصول کئے گئے جو گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں کم ہیں، گزشتہ سہ ماہی (اپریل تا جون) میں سٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں صوبوں کو 14 ارب، 92 کروڑ، 80 لاکھ روپے موصول ہوئے تھے۔ اعدادوشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پنجاب میں سٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں 10 ارب، 35 کروڑ، 40 لاکھ روپے، سندھ میں 3 ارب، 32 کروڑ، 60 لاکھ روپے، خیبر پختونخوا میں 88 کروڑ اور بلوچستان میں 7 کروڑ، 50 لاکھ روپے موصول ہوئے، گزشتہ مالی سال کے دوران اسٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں صوبوں کو مجموعی طور پر 55 ارب، 21 کروڑ، 70 لاکھ روپے موصول ہوئے تھے۔ گزشتہ مالی سال میں پنجاب میں سٹیمپ ڈیوٹی کی مد میں 38 ارب، 36 کروڑ، 90 لاکھ روپے، سندھ میں 12 ارب، 77 کروڑ، 40 لاکھ روپے، خیبر پختونخوا میں 3 ارب، 55 کروڑ، 10 لاکھ روپے اور بلوچستان میں 52 کروڑ، 30 لاکھ روپے موصول ہوئے تھے۔

## جامع کلاتھ مارکیٹ کراچی پر کسٹم انٹیلی جنس کا چھاپہ، تاجر اور دکانداروں کا شدید احتجاج

کراچی (نیوز ڈیسک) جامع کلاتھ مارکیٹ میں غیر قانونی اشیا کی موجودگی کی اطلاع پر کسٹم انٹیلی جنس کے چھاپے کے خلاف تاجر اور دکانداروں کا شدید احتجاج کیا، کسٹم حکام اور پولیس پر شدید پتھراؤ کرتے رہے، جس کے بعد علاقہ میدان جنگ بن گیا، مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج اور ہوائی فائرنگ کی، ایک گھنٹے سے زائد ہونے والی ہنگامہ آرائی آخری اطلاعات تک جاری تھی، ذرائع کے مطابق کسٹم حکام نے جامع کلاتھ مارکیٹ میں نان کسٹم پیڈ اور غیر قانونی اشیا کی موجودگی چھاپہ مارا تو تاجروں ہنگامہ آرائی شروع کی اور کسٹم حکام اور پولیس پر پتھراو شروع کر دیا، پولیس کی بھاری نفری مظاہرین کو گلیوں میں دھکیل دیا، لیکن تاجر وقفے وقفے سے گلیوں نکل کر پتھراؤ کرتے رہے، اس دوران کسٹم حکام اپنی کارروائی کرتے رہے۔

## وزارت خزانہ کو کمرشل بینکوں میں حکومتی اکاؤنٹس بند کرانے میں مشکلات

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی وزارت خزانہ کو آئی ایم ایف کی شرط پر وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور محکموں کے کمرشل بینکوں میں حکومتی اکاؤنٹس بند کرانے میں مشکلات کا سامنا ہے، آئی ایم ایف کی شرط، وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور محکموں کا فیصلے پر تحفظات کا اظہار۔ ذرائع کے مطابق کئی وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز نے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ مالی سال 2021 تک کمرشل بینکوں میں 56 ہزار اکاؤنٹس اور 1700 ارب روپے کے حکومتی فنڈز موجود تھے جبکہ ان میں سے 6 ہزار اکاؤنٹس کو بند بھی کیا گیا۔ وزارت خزانہ نے وزارتوں اور ڈویژنز کو حکومتی فنڈز کمرشل بینکوں میں منتقل کرنے سے روکنے اور فنڈز کی اسٹیٹ بینک کے سنگل ٹریژری اکاؤنٹ میں منتقلی کو یقینی بنانے کا کہا ہے تاہم کئی وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز نے موقف اختیار کیا کہ استعمال اور رسائی میں آسانی کیلئے فنڈز کمرشل بینکوں میں رکھے جاتے ہیں۔

## حکومت کا آئی ایم ایف کی پیشگی شرائط پر عمل درآمد بظاہر ناممکن

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت کا آئی ایم ایف کی پیشگی شرائط پر عمل درآمد بظاہر ناممکن نظر آرہا ہے۔ منگل 6 دسمبر کو کابینہ میں ٹیکس قوانین (چوتھا) ترمیمی بل اور اسٹیٹ بینک خودمختاری بل پیش نہیں ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق، آئی ایم ایف پروگرام کے لیے پیشگی اقدامات کے تحت پارلیمنٹ سے دو اہم بلز کی منظوری کے لیے وقت کی کمی کے تناظر میں وفاقی کابینہ سے ٹیکس قوانین (چوتھا) ترمیمی بل اور اسٹیٹ بینک ترمیمی بل کی منگل کے روز منظوری نہیں ہوئی۔ اعلیٰ حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں منگل 6 دسمبر کو وفاقی کابینہ کے اجلاس میں مذکورہ دونوں بلز کی منظوری کا معاملہ نہیں اٹھایا گیا۔ حکومت نے اب فیصلہ کیا ہے کہ ٹیکس قوانین چوتھا ترمیمی بل 2021 کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) میں پیش کیا جائے گا، جس کے بعد اسے کابینہ میں پیش کریں گے۔ اعتماد کی کمی اور بروقت کام نہ کرنے کرنے کے نتائج منی مارکیٹ، اسٹاک مارکیٹ اور ٹریژری مارکیٹ میں دیکھے جاسکتے ہیں جو حکومت کے بیانیے پر ردعمل نہیں دے رہیں۔

## اوورلوڈنگ خاتمے کیلئے ادارے بے بس نظر نہیں آرہے، گڈز ٹرانسپورٹرز

